تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 21 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تعلیمی سال دو ہزار چوبیس۔پچیس کا داخلہ پروسپکٹس جاری کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ، ناک کی جانب سے اے پلس پلس گریڈ یافتہ مرکزی یونیورسٹی نے بیس فروری دو ہزار چوبیس کو تعلیمی سال دو ہزار چوبیس اور پچیس میں داخلے کے لیے پروسپکٹس جاری کر دیا ہے۔مختلف پوسٹ گریجویٹ، انڈر گریجویٹ، پی جی ڈپلوما ،ڈپلوما اور سرٹیفکٹ کورسز میں داخلے سے متعلق معلومات پر مشتمل پروسپیکٹس کنٹرول امتحانات کی ویب سائٹ:

www.jmicoe.in

پر اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔خواہش مند امیدوار آن لائن اور آف لائن دونوں ہی طرح سے داخلے کے درخواست دے سکتے ہیں۔

تعلیمی سال دو ہزار چوبیس اور پچیس کے پی ایچ ڈی پروگرام میں داخلے کے لیے نظام الاوقات کا الگ سے اعلان کیا جائے گا۔

یونیورسٹی اس سال سے مندرجہ ذیل نئے پروگرام شروع کر رہی ہے: ایم۔ٹیک (ڈاٹا سائنسز) ایم۔ٹیک (سولڈ اسٹیٹ ٹکنالوجی) ایم۔ایس سی (اے آئی اور ایم ایل) بی۔ٹیک (الیکٹریکل اینڈ کمپوٹر انجینئرنگ)، بی۔ٹیک الیکٹرانکس (وی ایل ایس آئی ڈیزائن اینڈ ٹکنالوجی) بی۔ٹیک کمپوٹر سائنس اینڈ انجیئرنگ (ڈاٹا سائنسز)، بی۔ایس سی (لائف سائنسز وتھ کمپوٹر اپلی کیشنز) اور ڈیجیٹل ہیومنٹیز میں سرٹیفکٹ کورس۔

قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ میں انقلاب آفریں ہدایت کا تتبع کرتے ہوئے یونیورسٹی نے اپنے تعلیمی منظر نامے میں نئی توانائی بھری ہے۔چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام اور متنوع داخلہ وخروج کے آپشنز کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے جامعہ ملیہ اسلامیہ اعلی تعلیم میں اصلاحی کوششوں میں پیش پیش ہے۔یونیورسٹی دو ہزار چوبیس اور پچیس کے سیشن سے تمام انڈر گریجویٹ پروگراموں میں این ای پی ۲۰۲۰ کو نافذ کر رہی ہے۔

امیدواروں کو چاہیے کہ جامعہ کے کسی بھی کورس میں داخلے کے لیے درخواست فارم بھرتے ہوئے پروسپیکٹس کو دھیان

سے پڑھیں۔ پروسپکٹس میں عام معلومات فراہم کی گئی ہے اور جامعہ کے اکیڈمک کونسل / مجلس منتظمہ کے متعلقہ ضوابط،قوانین ،ایکٹ کے شقوں کے زیرنگیں ہے۔

یونیورسٹی کواس بات کا اختیار حاصل ہے کہ وہ پروسپیکٹس میں مندرج شقوں کواغلاط نامہ اورضمیمہ کے اعلان کرکے تبدیل/یا اس میں ترمیم کردے اور یونیورسٹی ویب سائٹ پرڈال دے۔امیدواروں کوایسی کسی بھی تبدیلی کے سلسلے میں انفرادی طور پر رابطہ مطلع نہیں کیا جائے گااوراسی لیے ان کومشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ داخلہ سے متعلق نوٹس اور دیگر معلومات کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ

jmi.coe.in

اور

https://jmi.ac.in

پر برابر جا کر دیکھتے اور چیک کرتے رہیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی